
OPINION POLL | ECONOMY

20th July, 2023

# 87% PAKISTANIS IN Q4 2022 THOUGHT THAT THE COUNTRY'S ECONOMIC SITUATION HAD GOTTEN WORSE IN THE LAST SIX MONTHS: CONSUMER CONFIDENCE INDEX Q4 2022 BY GALLUP & GILANI PAKISTAN AND DUN & BRADSTREET

سال 2022 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ کے مطابق 87% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پچھلے چھ ماہ کے دوران ملک کے عام معاشی حالات مزید بدتر ہوئے ہیں ۔

Question: "In your opinion, how would you describe the current economic situation in Pakistan in comparison to last 6 months?"




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

/GallupPak

پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

**معیشت**

# سال 2022 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ کے مطابق 87% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پچھلے چھ ماہ کے دوران ملک کے عام معاشی حالات مزید بدتر ہوئے ہیں۔

(گیلپ & گیلانی پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ کی جانب سے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس Q4 2022)،

(اسلام آباد، 20 جولائی، 2023)


گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ کی جانب سے کیے گئے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے کے مطابق، سال 2022 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ کے مطابق 87% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پچھلے چھ ماہ کے دوران ملک کے عام معاشی حالات مزید بدتر ہوئے ہیں۔

**کنزیومر کنفیڈنس انڈکس Q4 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔**

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں ملک کے عام معاشی حالات پچھلے چھ ماہ کے مقابلے میں آج کیسے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 1% جوابدہندگان کے مطابق ملک کے عام معاشی حالات پچھلے چھ ماہ کے مقابلے میں آج بہت بہتر ہیں، 5% جوابدہندگان کے مطابق بہتر ہیں، 5% جوابدہندگان کے مطابق پہلے کی طرح ہیں، 49% جوابدہندگان کے مطابق بدتر ہیں، جبکہ 38% جوابدہندگان کے مطابق ملک کے عام معاشی حالات پچھلے چھ ماہ کے مقابلے میں آج بہت بدتر ہیں، تاہم 3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کے خیال میں ملک کے عام معاشی حالات پچھلے چھ ماہ کے مقابلے میں آج کیسے ہیں؟"**

**پاکستان بھر سے**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تقابلی جائزہ (Q3 2022 اور Q4 2022):**

(کنزیومر کنفیڈنس انڈکس کی تیسری سہ ماہی رپورٹ سے چوتھی سہ ماہی رپورٹ کے دوران) موجودہ حالات میں 37.6% کمی کی وجہ سے ملک کے عام معاشی حالات کے حوالے سے رائے بنیادی طور پر خراب ہوئی ہے۔

## تقابلی جائزہ(Q3 2022اور Q4 2022 )




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com)*

پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے منعقد کیا اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان کے تعاون سے اپنی کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس کی سہ ماہی رپورٹ میں جاری کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1232 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95%اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

### کنزیومر اعتماد انڈیکس رپورٹ کے بارے میں:

صارفین کے رائے تبدیل ہوتی رہتی ہے اور اس کا اندازا اُن کے ذاتی مالی حالات کے ساتھ ساتھ مجموعی طور پر ملک کی مالیاتی اور معاشی کارکردگی کے بارے اُن میں رائے سے لگایا جاتا ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی انڈیکس) عالمی سطح پر منظور شدہ ایک ایسا آلہ ہے جو کہ گھریلو اخراجات اور بچت کا تخمینہ لگانے کے ساتھ ساتھ ملک میں مجموعی معاشی سرگرمیوں کا اندازہ لگانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

اِن معاملات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد فراہم کرنے کے حوالے سے ڈن اینڈ بریڈ اور گیلپ نے کاروباری اداروں اور پالیسی بنانے والوں کے لئے سہ ماہی رپورٹ شائع کی ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی) حکومتوں، کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں سمیت متعدد اسٹیک ہولڈرز کے لئے ایک قیمتی آلہ ہے، کیونکہ ان اعداد و شمار کی مدد سے اُنھیں صارفین کی رائے کو بہتر طور پر سمجھنے اور اس حوالے سے بروقت فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے۔

سی سی آئی کی گزشتہ رپورٹس کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، برائے مہربانی ڈی اینڈ بی پاکستان نالج کیپٹل کی ویب سائٹ یا گیلپ پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, July 20th, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)